الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: Regular

Name : zaheer ahmed
Address : riyadh,saudi arabia
Subject : NAMAZ
Writer : شفیق اللہ

Serial No : 19849
Date : 7/21/2013
Contact No:
Email :

Assalam o alaikum,janab mera sawal ye hai k namaz bajmaat k waqt choty bachon ko saff main kidher khara krna chaye,aur kya un ko saff main kaheen bhi apny sath khara kiya ja sakta hai? plz reply with mustanad hadees and references,

السلام علیکم! جناب میرا سوال یہ ہے کہ نماز با جماعت کے وقت چھوٹے بچوں کو صف میں کدھر کھڑا کرنا چاہیے، اور کیا ان کو صف میں کہیں بھی اپنے ساتھ کھڑا کیا جاسکتا ہے؟۔

الجواب حامدًا ومصلیًا

بالکل چھوٹے بچے جو مسجد کے آداب اور پاکی ناپاکی کو بھی نہ سمجھتے ہوں ان کو تو مسجد لانا بھی درست نہیں البتہ سمجھدار بچے ہوں تو بہتر یہ ہے کہ بچوں کی صف آخر میں علیحدہ بنائی جائے تاہم اگر اس میں یہ اندیشہ ہو کہ دیگر نمازیوں کی نماز خراب کریں گے تو بچوں کو بڑوں کے ساتھ ہی متفرق کرکے صف میں کھڑا کرنا بھی جائز اور درست ہے۔

فی الہدایۃ: ویصف الرجال ثم الصبیان ثم النساء لقولہ علیہ السلام لیلینی منکم اولوا الاحلام والنہی الخ۔ (ج ۱ ص ۱۲۴)۔

وفی تقریرات الرافعی: قال الرحمتی ربما یتعین فی زماننا ادخال الصبیان فی صفوف الرجال لان المعہود منہم اذا اجتمع صبیان فاکثر تبطل صلاۃ بعضہم ببعض وربما تعدی ضررہم الی افساد صلاۃ الرجال انتہی (ج ۱ ص ۷۳)۔ واللہ اعلم

شفیق اللہ غفر اللہ لہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۱۳/ربیع الاول/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان غفر اللہ لہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۳ ... ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ ... [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ ... کراچی
۱۵ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ

دار الافتاء ۱۹۸۴۹ ۱۴۳۵ھ جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

25/1/14